04/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت غل سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

وزیر اعظم نریندر مودی چھ جون کو کٹڑہ میں دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پُل کا افتتاح کرنے کے علاوہ کشمیر وادی کے□ئے وندھے بھارت ٹرین کو ہری جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے ۔

دورہ

وزیر اعظم سے قبل□یفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران تیاریوں نے کا جائزہ□یا ۔ انہوں نے جموں کشمیر کے عوام سے کہا کہ وہ وزیر اعظم کے ہاتھوں شروع کئے جانے و□ے اس تاریخی پروجیکٹ کے افتتاح کو یاد گار بنائیں ۔ ادھمپور سرینگر بارہمو□ہ ایک اہم ریل پروجیکٹ ہے جو کشمیر کو کنیا کماری سے ملانے والا ہے ۔ سطح سمندر سے 359 میٹر اونچا محرابی شکل کا یہ ریلوے پُل انجینئرنگ کا ایک شاہکار مانا جا رہا ہے جو بھارت کے 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے سمت میں ایک محرک کی علامت ہے ۔

جتیندر سنگھ

اس دوران وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹرجتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ پہلگام حملے اور اس کے بعد کی صورتحال کا جموں کشمیرکی ترقی پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے ۔ چھ جون کو وزیر اعظم کے ہاتھوں افتتاح ہونے و□ے ریل پروجیکٹ کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس کی بدو□ت جموں کشمیر میں صنعت اور تجارت کو فروغ ملے گا اور ترقی کا ایک نیا دور شروع ہو گا۔

کانفرنس OCEAN

دریں اثناءسائنس اور ٹیکنا وجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ فرانس میں آٹھ جون کانفرنس میں شرکت کےئے بھارتی وفد کی قیادت OCEAN سے منعقد ہونے والی اقوام متحدہ کی کریں گے ۔ وفد میں محکمہ ارضیات کے سیکریٹری اور سرکردہ ماہر ڈاکٹر ایم روی چندرن بھی شامل رہیں گے ۔

حج

سعودی عرب کے شہر مکہ معظمہ میں آج سے مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ لاکھوں کی تعداد میں عازمین حج آج نماز فجر کے بعد
وادی

منیٰ پہنچ گئے ہیں ۔جہاں وہ آج دن اور رات خیموں میں گزار نے کے بعد کل صبح عرفات کے ئے روانہ ہوں گے ۔ مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ 12 ذوالحجہ تک جاری رہے گا ۔ جموں کشمیر سے اس سال 3 ہزار 6 سو عازمین کرام حج کا فریضہ ادا کر رہے ہیں ۔

سنکلپ ابھیان

جموںو کشمیر میں وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت بیداری سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔15روزہ اس مہم کے دوران کسانوں کو زراعت کے جدید طور طریقوں اور سکیموں کے بارے میں جانکاری دی جا رہی ہے۔

وادی کے دوردراز علاقوں میں بھی زرعی یونیورسٹی اور دیگر محکموں کی طرف سے اختراعی پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ اس حوالے سے کرشی وگیان کیندر گریز بانڈی پورہ کے سربراہ ڈاکٹر ہلال ملک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں مشن یووا کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مشن کے مقاصد حاصل کرنے کی غرض سے آپس میں قریبی تال میل رکھیں ۔ واضح رہے کہ مشن یووا کے تحت ایک سروے کے ذریعے ممکنہ کار خانہ داروں کی شناخت کی جاتی ہے اور اس مقصد کےلئے متعلقہ ضلع انتظامیہ کی ٹیمیں وسیع سروے کرتی ہیں ۔

ایل جی ملاقات

ضلع ترقیاتی کونسل سرینگر کے چیر مین آفتاب ملک نے یفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ کئی ترقیاتی و عوامی نوعیت کے امور پر تبادلہ خیال کیا ۔ اسی طرح سے ضلع ترقیاتی کونسل بی کے پورہ بڈگام کی رکن صائمہ جان // اور بغیر سرحد عامی فاونڈیشن نامی ایک سماجی تنظیم کے وفد نے بھی ایل جی ملاقات کی ۔

خارجہ سکریٹری

بھارت نے، دہشت گردی کے خلاف
ا

س کی ڑائی میں برطانیہ کی سرکار کی جانب سے یکجہتی اور حمایت کے اظہار کی ستائش ± کی ہے۔ خارجہ سکریٹری وِکرم مسری نے نئی دلّی میں دفترِ خارجہ کے 17 ویں بھارت-برطانیہ صلاح مشورے نیز برآمدات اور ٹیکنالوجی میں اشتراک سے متعلق پہلے کلیدی مذاکرات کے دوران
تبادلہ

خیال کیا گیا، جس میں برطانیہ کے مستقل انڈر سکریٹری بھی موجود تھے۔وزارتِ خارجہ کی ۂ طرف سے جاری کیے گئے ایک بیان میں کہا گیا ہے بھارت اور برطانیہ جامع کلیدی ساجھے دار ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ